بقیہ 1

ماں کا دودھ دینے کی اہمیت کو سمجھا جائے۔ مقررین نے کہا کہ بچوں میں غذائی کمی کا مسئلہ صرف صحت کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ترقی سے جڑا ہوا مسئلہ ہے، جس کے تدارک کے لیے محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، ضلعی انتظامیہ، والدین، مذہبی رہنماؤں اور معاشرے کے تمام طبقات کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ بچوں میں غذائی کمی پر قابو پانے کے لیے ماں اور بچے کی مناسب غذائیت، بروقت طبی سہولیات، صاف پانی، صفائی ستھرائی اور والدین میں آگاہی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے آگاہی پروگرامز کے ذریعے معاشرے میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور بچوں کی بہتر غذائیت کا پیغام زیادہ سے زیادہ خاندانوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر شرکاء کو ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کی اہمیت، ماں اور بچے کی صحت اور غذائی ضروریات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی جبکہ خواتین نے بھی پروگرام میں بھرپور شرکت کی۔

بقیہ 2

فرانس سے آئے معروف عالم دین علامہ حسن میر قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ...

بقیہ 27

ہے، اس لیے الہ آباد ہائی کورٹ کو اس معاملے پر فیصلہ نہیں دینا چاہیے تھا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ فیصلہ آئین کے آرٹیکل 19 اور 25 کے خلاف ہے۔ مسلمان طالبہ کی حمایت کرتے ہوئے اویسی نے مزید کہا کہ حجاب پہننا طالبہ کی ...

درخت لگانا ہے۔ یہ اہداف مملکت کے طویل مدتی مقاصد کے ضمن میں ایک اہم مرحلہ ہیں، جن کے تحت 4 کروڑ ہیکٹر اراضی کی بحالی اور 10 ارب درخت لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اراضی کی بحالی کے اقدامات میں دوبارہ شجرکاری، قدرتی تجدید اور منظم چرائی کے ساتھ ساتھ مقامی جنگلی حیات کی انواع کو دوبارہ ...

... کے ساتھ باہمی دفاعی معاہدہ بھی کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران ماضی میں دباؤ کے سامنے جھکنے کے بجائے اکثر کشیدگی بڑھانے کا راستہ اختیار کرتا رہا ہے، اس لیے اگر نئی امریکی پابندیوں سے ایرانی معیشت پر شدید دباؤ پڑا تو ایران کے جانب سے خلیج میں امریکی مفادات، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور دیگر اہداف کو نشانہ بنانے کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ خلیجی ...

... خاتون سے ای میلز موصول ہوئی ہیں جن میں بتایا گیا ہے کہ ان کے طے شدہ انٹرویوز دوبارہ مقرر کیے جا رہے ہیں اور نئی تاریخ سے متعلق بعد میں آگاہ کیا جائے گا۔ ٹرمپ انتظامیہ نے اپنے دوسرے دورِ صدارت میں غیر قانونی اور قانونی دونوں طرح کی امیگریشن کے خلاف سخت اقدامات کیے ہیں۔ ان اقدامات میں ویزے اور گرین کارڈ منسوخ کرنا اور مختلف وجوہات کی بنیاد پر درخواستیں مسترد کرنا بھی شامل ہے جن میں ...


## CORRIGENDUM/AMENDMENT

This is to inform all concerned that the Tender Notice for miscellaneous work bearing TSE: 2627081166053, published in the daily newspapers, vide PRQ No. 858/17-8-2026, the bidding documents in respect of the same have been amended/revised accordingly.
All other terms & conditions remain the same.

**ASSISTANT DIRECTOR**
**Local Government & Rural Development Killa Saifullah**

**PRQ No.1091/27-8-2026**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## بقیہ 1

تو بلوچ عوام پناہ گزین بننے پر مجبور ہو سکتے ہیں۔ وہ نیشنل پارٹی کے مرکزی و ضلعی رہنماؤں کے ہمراہ تربت پریس کلب کے نو تزئین و مرمت شدہ آڈیٹوریم اور زیر تعمیری عمارت کے دورے کے موقع پر آڈیٹوریم میں گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر تربت پریس کلب کے صدر حافظ صلاح الدین سلفی نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو آڈیٹوریم، پریس کلب کی زیر تعمیر عمارت اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں کہ ایسا کوئی دن نہیں گزرتا جب نوجوانوں کی لاشیں نہ گریں یا لوگ لاپتہ نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اب صورتحال میں بھتہ خوری بھی شامل ہو گئی ہے

## بقیہ 2

ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ سکھلین بلوچ نے سانحہ پمز ہسپتال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ جاں بحق بچوں کے والدین سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں، نومولود بچوں کی ہلاکت والدین کیلئے ناقابل تصور دکھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں، اس افسوسناک سانحے پر متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ متاثرہ خاندانوں کو صبر و استقامت عطا فرمائے، حکومت کو چاہیے کہ اس واقعے کے ذمہ داران کا تعین کرے، ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

## بقیہ 3

آتشزدگی کی روک تھام کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا

[illegible]

اور ٹریفک قوانین کی نگرانی کی جاتی ہے جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

## بقیہ 13

چیئرمین اکبر ترین، مختلف اضلاع کے ڈسٹرکٹ چیئرمینوں، میونسپل کمیٹیوں کے نمائندوں اور آل بلوچستان یونین کونسل چیئرمین ایسوسی ایشن کے عہدیداران سمیت دیگر بلدیاتی نمائندے شریک تھے جبکہ ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی اس موقع پر موجود تھے بلدیاتی نمائندوں نے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کو آگاہ کیا کہ فنڈز کے اجراء میں تاخیر کے خلاف گزشتہ پانچ روز سے بلدیاتی اداروں میں احتجاجاً تالہ بندی جاری ہے، جس کے باعث بلدیاتی نظام اور ترقیاتی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فنڈز کی عدم فراہمی سے بلوچستان میں ترقی کا سفر رک گیا ہے اور منتخب بلدیاتی نمائندے اپنے حلقوں میں عوامی مسائل حل کرنے سے قاصر ہیں وفد نے واضح کیا کہ اگر مالی سال 2026-27 کے فنڈز کا اجراء نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس میں بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دینگے اور صوبے کے تمام اضلاع میں احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ وارڈز اور یونین کونسلز سے منتخب ہونے والے کونسلرز ہی حقیقی معنوں میں عوام کے نمائندے ہیں پیپلز پارٹی اور صوبائی حکومت کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جائیں اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندوں کے مسائل اور فنڈز کے اجراء کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کرکے ڈسٹرکٹ

[illegible]

# مختصر اشتہارات

## تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 53501-0340998 بنام شوکت علی ولد ذوالفقار علی جناح ٹاؤن کوئٹہ میں گر کر کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے اس نمبر 0344-3040958 پر اطلاع دیں۔
المشتہر: شوکت علی ولد ذوالفقار علی

## تلاش گمشدگی

میرا موٹر سائیکل سپر اسٹار ماڈل 2025 چیسز نمبر SSA 1763981 انجن نمبر 1735246 SSA کالیٹر بنام گلزار احمد ولد امام بخش بوسہ منڈہ بائی پاس روڈ پر گر کر کہیں گم ہو گیا ہے کسی کو ملے اس نمبر 0333-7734697 پر اطلاع دیں۔

اتھارٹی (این ڈی ایم اے) میں دولت مشترکہ ڈیزاسٹر ریزیلینس ہب کی میزبانی کی پاکستان کی پیشکش کا بھی اعادہ کیا۔ سیکرٹری جنرل نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی پیشکش کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ سیکرٹریٹ دولت مشترکہ کے رکن ممالک کی آفات سے قبل تیاری اور ان سے نمٹنے کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے ساتھ تعاون میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔ نوجوانوں کی ترقی کے فروغ کے لیے دونوں رہنماؤں نے دولت مشترکہ کے

[illegible]

